



## ایجنڈا آئٹم نمبر 8:

### آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 62 میں ترمیم کے لیے خصوصی قرارداد

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 62 میں ترمیم کی تجویز پیش کی ہے تاکہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کے ساتھ وقت فوقتاً اجلاس کی فیس میں تبدیلی کے فیصلے کو آسان بنایا جا سکے۔

آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی موجودہ اور مجوزہ شقوں کا موازنہ ذیل میں فراہم کیا گیا ہے:

| آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن | |
|---|---|
| موجودہ آرٹیکل 62 | مجوزہ/نیا آرٹیکل 62 |
| چیف ایگزیکٹو اور ہمہ وقتی (full-time) ورکنگ ڈائریکٹر کے علاوہ ہر ڈائریکٹر، ڈائریکٹرز کے اجلاسوں بشمول کمیٹی اجلاسوں میں شرکت کے لیے ایسی فیس کا حقدار ہو گا جو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے وقتاً فوقتاً طے کی جائے۔ نان ایگزیکٹو بشمول انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر اور چیئرمین کو بورڈ اور اس کی کمیٹی/کمیٹیوں کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے وقتاً فوقتاً ادا کی جانے والی معاوضہ رقم کی شرح کا تعین بورڈ کرے گا اور سالانہ عام اجلاس میں حصص یافتگان سے قبل از وقت یا بعد از وقت بنیادوں پر اس کی منظوری لی جائے گی۔ اجلاس میں شرکت کے لیے ڈائریکٹر کے اخراجات کمپنی کی جانب سے ادا کیے جائیں گے۔ ڈائریکٹرز کی جانب سے انجام دی جانے والی اضافی خدمات کا معاوضہ بورڈ آف ڈائریکٹرز طے کرے گا۔ | چیف ایگزیکٹو اور فل ٹائم ورکنگ ڈائریکٹر کے علاوہ ہر ڈائریکٹر، ڈائریکٹرز کے اجلاسوں بشمول کمیٹی اجلاسوں میں شرکت کے لیے ایسی فیس کا حقدار ہو گا جو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے وقتاً فوقتاً طے کی جائے۔ نان ایگزیکٹو بشمول انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر اور چیئرمین کو بورڈ اور اس کی کمیٹی/کمیٹیوں کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے وقتاً فوقتاً ادا کی جانے والی معاوضہ رقم کی شرح کا تعین بورڈ کی جانب سے وقتاً فوقتاً منظور شدہ 'ڈائریکٹرز ریمونریشن پالیسی' کے مطابق بورڈ کے ذریعہ کیا جائے گا۔ اجلاس میں شرکت کے لیے ڈائریکٹر کے اخراجات کمپنی کی جانب سے ادا کیے جائیں گے۔ ڈائریکٹرز کی جانب سے انجام دی جانے والی اضافی خدمات کا معاوضہ بورڈ آف ڈائریکٹرز طے کرے گا۔ |

ڈائریکٹرز نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ مجوزہ ترامیم قانون اور ریگولیٹری فریم ورک کے قابلِ اطلاق احکامات کے عین مطابق ہیں۔

**ڈائریکٹرز کے مفادات کا اظہار:**

کمپنی کے ڈائریکٹرز کا اس معاملے میں کمپنی میں اپنی ڈائریکٹر شپ کی حد کے علاوہ کوئی مفاد شامل نہیں ہے۔

| تفصیلات | اظہار (Disclosure) |
|---|---|
| ہ) ٹرانزیکشن کی رقم | مالی سال 2027ء (FY27) کے لیے انویسٹمنٹ ایڈوائزری خدمات کی مجوزہ رقم 400,000 امریکی ڈالر ہے۔ مجوزہ معاہدے کے تحت یہ سالانہ ریٹینر تین (3) سال کی مدت کے لیے صرف 10 فیصد سالانہ کے حساب سے بڑھے گا۔ مزید برآں، M&A ٹرانزیکشن ایڈوائزری 2% سے 8% کی اشارتی حد کے درمیان کیس ٹو کیس بنیادوں پر ہوگی جیسا کہ آزادانہ ٹرانسفر پرائسنگ اسٹڈیز سے مزید تصدیق شدہ ہے۔ حصولِ ملکیت کے بعد انضمام اور نمو کی خدمات کا تخمین بینچ مارکنگ اور/یا ٹرانسفر پرائسنگ اسٹڈی کے ذریعے حسبِ ضرورت و موقع کیا جائے گا۔ |
| و) ٹرانزیکشن، معاہدے یا انتظام کا وقت یا مدت | معاہدے کے لیے وقت کی مدت تین (3) سال ہے۔ |
| ز) قیمت کا تخمین | یہ معاہدہ آرمز لینتھ (arm's-length) کی بنیاد پر اور قابلِ اطلاق ٹرانسفر پرائسنگ کے تقاضوں کے مطابق انجام دینے کا ارادہ ہے۔ |
| ح) آڈٹ کمیٹی کی تجاویز | مجوزہ معاہدے M&A ایڈوائزر کے طور پر Epicure FZCO کے مسلسل معاہدے کا تسلسل ہے جیسا کہ پہلے حصص یافتگان سے منظور شدہ ہے۔ |
| ط) کوئی بھی دیگر متعلقہ اور مادی معلومات جو متعلقہ فریق کی ٹرانزیکشن کی منظوری کے حوالے سے حصص یافتگان کے لیے باخبر فیصلہ کرنے کے لیے ضروری ہوں | آڈٹ کمیٹی نے مجوزہ معاہدے کا جائزہ لیا ہے اور قابلِ اطلاق قوانین اور ضوابط کے مطابق بورڈ اور حصص یافتگان کے غور اور منظوری کے لیے اس کی سفارش کی ہے۔ |

**دستاویزات کا معائنہ**

خصوصی امور سے متعلق دستاویزات، بشمول مجوزہ معاہدہ اور دیگر متعلقہ معاون دستاویزات، اس نوٹس کے جاری ہونے کی تاریخ سے لے کر سالانہ عام اجلاس (AGM) کی تاریخ تک، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں معمول کے دفتری اوقات کے دوران پیر سے جمعہ (صبح 9:00 بجے سے شام 5:00 بجے تک) حصص یافتگان کے معائنے کے لیے دستیاب ہوں گی۔

**معائنے کے لیے دستیاب دستاویزات کی فہرست:**

مندرجہ ذیل دستاویزات حصص یافتگان کے معائنے کے لیے دستیاب ہوں گی:

- Epicure FZCO کے ساتھ معاہدے / تقرر کا مجوزہ معاہدے؛ اور
- مجوزہ معاہدے سے متعلق حسبِ ضرورت و موقع دیگر متعلقہ دستاویزات۔

**ڈائریکٹرز کی دلچسپی کا اظہار**

جناب زاہد مجید اور جناب ابرار حسن NF-FZCO اور Epicure FZCO میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ کی وجہ سے اس ایجنڈا آئٹم میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ جناب آدم فاہی مجید، جناب زاہد مجید کے بیٹے ہونے کی ناطے، جبکہ جناب محمد حمزہ حسن، جناب ابرار حسن کے بیٹے ہونے کی ناطے دلچسپی رکھتے ہیں۔

چنانچہ، قابلِ اطلاق قوانین اور ضوابط کے تحت جہاں تک ضروری ہو، دلچسپی رکھنے والے ڈائریکٹرز اس معاملے پر غور و خوض یا رائے دہی (ووٹنگ) میں حصہ نہیں لیں گے۔
بورڈ حصص یافتگان کو تجویز کرتا ہے کہ وہ مجوزہ معاہدے کی منظوری اور توثیق کریں۔

## ایجنڈا آئٹم نمبر 7:

**خصوصی قراردادیں**

**(الف) مالی سال ختم شدہ 30 جون 2026ء کے دوران متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے گئے معاملات کی توثیق اور منظوری**

کمپنی معمول کے کاروبار کے تحت، اپنے متعلقہ فریقین کے ساتھ معاملات آرمز لینتھ (arm's length) بنیاد پر اور 'متعلقہ فریقین کے ساتھ معاملات' سے متعلق منظور شدہ پالیسی کے مطابق کرتی ہے۔ متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے جانے والے تمام معاملات کے لیے کمپنی کی بورڈ آڈٹ کمیٹی کی منظوری ضروری ہوتی ہے، جس کی سربراہی کمپنی کے ایک خود مختار ڈائریکٹر کرتے ہیں۔ بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر ایسے معاملات بورڈ آف ڈائریکٹرز کے سامنے منظوری کے لیے رکھے جاتے ہیں۔ تاہم، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019ء کے ریگولیشن 15 اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کے احکامات کے تحت متعلقہ فریقین کے ایسے معاملات کے لیے حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز) کی منظوری درکار ہوتی ہے جن میں کمپنی کے ڈائریکٹرز کی اکثریت مفاد رکھتی ہو۔

بالائے ازیں، مشترکہ ڈائریکٹرشپ کے باعث ڈائریکٹرز کی اکثریت کے مفاد پر مبنی درج ذیل معاملات، جو معمول کے کاروبار میں آرمز لینتھ بنیاد پر مالی سال ختم شدہ 30 جون 2026ء کے دوران متعلقہ فریقین کے ساتھ انجام دیے گئے، حصص یافتگان کی توثیق و منظوری کے لیے پیش کیے جا رہے ہیں:



| متعلقہ فریق کا نام | تعلق | لین دین کی نوعیت | رقم (ہزار روپے میں) | قیمت کے تعین کی پالیسی |
|---|---|---|---|---|
| ATC Holdings (Private) Limited | پیرنٹ کمپنی | کرائے کی آمدنی | 3,535 | آرمز لینتھ / متعلقہ فریق کے ساتھ منظور شدہ |
| ATC Holdings (Private) Limited | پیرنٹ کمپنی | پیرنٹ کمپنی سے اخراجات کی وصولی (Reimbursement) | 9,847 | آرمز لینتھ / متعلقہ فریق کے ساتھ منظور شدہ |
| ATC Holdings (Private) Limited | پیرنٹ کمپنی | اے ٹی سی کو اخراجات کی ادائیگی (لنک، ڈرائیور اور گاڑی کی دیکھ بھال وغیرہ) | 3,290 | آرمز لینتھ / متعلقہ فریق کے ساتھ منظور شدہ |
| National Foods FZCO | ذیلی کمپنی | اشیاء کی فروخت | 2,738,129 | آرمز لینتھ / متعلقہ فریق کے ساتھ منظور شدہ |
| National Foods FZCO | ذیلی کمپنی | اشیاء کی فروخت | 859,309 | آرمز لینتھ / متعلقہ فریق کے ساتھ منظور شدہ |
| Associated Environment and Energy | ایسوسی ایٹ | ای ٹی پی (ETP) پلانٹ کے لیے O&M سروسز کی خریداری | 20,699 | آرمز لینتھ / متعلقہ فریق کے ساتھ منظور شدہ |
| Epicure FZCO | ایسوسی ایٹ | ٹرانزیکشن ایڈوائزری فیس | 2,422,954 | آرمز لینتھ / متعلقہ فریق کے ساتھ منظور شدہ |
| Epicure FZCO | ایسوسی ایٹ | سالانہ ریٹینرشپ (Annual Retainership) | 152,722 | آرمز لینتھ / متعلقہ فریق کے ساتھ منظور شدہ |
| Epicure FZCO | ایسوسی ایٹ | اخراجات کی ادائیگی (Reimbursement) | 126,113 | آرمز لینتھ / متعلقہ فریق کے ساتھ منظور شدہ |
| Epicure FZCO | ایسوسی ایٹ | بورڈ ایڈوائزری فیس | 82,322 | آرمز لینتھ / متعلقہ فریق کے ساتھ منظور شدہ |

**(ب) اور (ج) 30 جون 2027ء کو اختتام پذیر ہونے والے مالی سال اور آئندہ سالانہ عام اجلاس تک متعلقہ فریقین کے معاملات کی منظوری کے اختیارات بورڈ آف ڈائریکٹرز کو تفویض کرنا**

کمپنی مالی سال ختم ہونے والے 30 جون 2027ء اور بعد ازاں بھی، اپنے متعلقہ فریقین کے ساتھ معاملات آرمز لینتھ بنیاد پر، متعلقہ فریقین کے معاملات سے متعلق منظور شدہ پالیسی کے مطابق اور معمول کے کاروبار کے طور پر کرتی رہے گی۔

چونکہ متعلقہ فریقین کے ان معاملات میں ڈائریکٹرز کی اکثریت مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور / یا شیئر ہولڈنگ کے باعث مفاد رکھتی ہے، اس لیے ان کے لیے حصص یافتگان کی منظوری لازمی ہے۔ چنانچہ حصص یافتگان سے منظوری حاصل کی جا رہی ہے تاکہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو یہ اختیار دیا جائے کہ وہ مالی سال ختم ہونے والے 30 جون 2027ء اور آئندہ سالانہ عام اجلاس (AGM) تک متعلقہ فریقین کے ساتھ انجام دیے جانے والے ایسے تمام معاملات کو منظور کریں جن میں ڈائریکٹرز کی اکثریت مفاد رکھتی ہو؛ اور ایسی منظوری حصص یافتگان ہی کی جانب سے منظور شدہ تصور ہوگی۔

متعلقہ فریقین کے ایسے معاملات کی نوعیت اور دائرہ کار اوپر ایجنڈے کی شق (الف) کے بیان میں واضح کر دیا گیا ہے۔ مالی سال ختم ہونے والے 30 جون 2027ء کے دوران حصص یافتگان کی منظوری کے متقاضی متعلقہ فریقین کے معاملات کو بعد ازاں آئندہ AGM میں حصص یافتگان کے سامنے باضابطہ منظوری / توثیق کے لیے پیش کیا جائے گا۔

**ڈائریکٹرز کی دلچسپی کا اظہار:**

جناب ابرار حسن، جناب محمد حمزہ حسن، جناب آدم فاہی مجید اور جناب زاہد مجید اس ایجنڈا آئٹم میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور / یا بالترتیب متعلقہ فریقین میں اپنے حصص کی حد تک مفاد رکھتے ہیں۔

**ڈائریکٹرز کے دلچسپیات کا اظہار**

کمپنی کے ڈائریکٹرز کا مجوزہ قراردادوں میں، کمپنی میں اپنے بالترتیب حصص کی حد کے علاوہ، کوئی ذاتی دلچسپی شامل نہیں ہے۔

## ایجنڈا آئٹم نمبر6:

**انویسٹمنٹ ایڈوائزر اور ایم اینڈ اے ٹرانزیکشن ایڈوائزر / سہولت کار کے طور پر ایپکیور ویلتھ کموڈیٹیز سینٹر FZCO کے تقرر کے معاہدے کی منظوری اور توثیق کے لیے خصوصی قرارداد**

نیشنل فوڈز-("NF FZCO") FZCO نے M&A ٹرانزیکشن ایڈوائزری خدمات کے لیے ("Epicure FZCO") Epicure - FZCO کی خدمات حاصل کی تھیں۔M&A ٹرانزیکشن ایڈوائزری کے اس کردار کی، NEI کینیڈا کی رسٹر کچرنگ کے تناظر میں، 15 ستمبر 2025ء کو منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاسِ عام میں حصص یافتگان نے خصوصی قرارداد کے ذریعے باضابطہ منظوری دی تھی۔اس کے بعد، Epicure FZCO اس ٹرانزیکشن کو حصص یافتگان کے فائدے کے لیے کامیابی سے مکمل کرنے میں کامیاب رہی۔

مذکورہ بالا کی روشنی میں، NF FZCO اور EPICURE FZCO کے درمیان باضابطہ طور پر طے پانے والا ایڈینڈم اب فریقین کے درمیان معاہدے کو مزید واضح طور پر بیان کرتا ہے جس کے تحت مزید انویسٹمنٹ ایڈوائزری اور سہولت کاری کی خدمات فراہم کی جائیں گی۔ مزید برآں، M&A ٹرانزیکشن ایڈوائزری اور سہولت کاری کا کردار بھی جاری بنیادوں پر برقرار رہے گا۔

چونکہ NF-FZCO اور Epicure FZCO میں مشترکہ ڈائریکٹرز موجود ہیں، اس لیے یہ مصروفیت یو اے ای (UAE) میں متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین کے زمرے میں آتی ہے۔

کمپنی اب سابقہ منظور شدہ انتظامات میں مذکورہ بالا معاہدے کی توثیق اور حصص یافتگان کی منظوری حاصل کرنے کی تجویز پیش کرتی ہے، جس کے تحت Epicure FZCO اضافی طور پر انویسٹمنٹ ایڈوائزری / سہولت کاری اور دیگر خدمات فراہم کرے گی۔ یہ معاہدہ درج ذیل نکات پر محیط ہے:

1. جاری بنیادوں پر M&A ٹرانزیکشن ایڈوائزری اور سہولت کاری؛
2. انویسٹمنٹ ایڈوائزری اور سہولت کاری کی خدمات، جن میں سرمایاکاری اور کارپوریٹ حکمتِ عملی کی خدمات، اور NF FZCO کے غور وخوض کے لیے سرمایاکاری کے مواقع کی تلاش اور ابتدائی جائزہ شامل ہیں لیکن یہ انہی تک محدود نہیں ہیں؛
3. حصولِ ملکیت کے بعد کاروباری استحکام، انضمام اور نمو کی خدمات، حسبِ ضرورت وموقع۔

یہ معاہدہ آرمز لینتھ (arm's-length) کی بنیاد پر اور قابلِ اطلاق ٹرانسفر پرائسنگ کے تقاضوں کے مطابق انجام دینے کا ارادہ ہے۔
چونکہ کمپنی کے کچھ ڈائریکٹرز اس ٹرانزیکشن میں براہِ راست یا بالواسطہ دلچسپی رکھتے ہیں، اس لیے حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 207 کے ساتھ ملا کر پڑھی جانے والی دفعہ 208 کے تحت خصوصی قرارداد منظور کر کے مجوزہ معاہدے کی منظوری اور توثیق کریں۔

**کمپنیز (ریلیٹڈ پارٹی ٹرانزیکشنز اینڈ مینجمنٹس آف ریلیٹڈ ریکارڈز) ریگولیشنز 2018ء [S.R.O. 1194(I)/2018] مورخہ 2 اکتوبر 2018ء کے ریگولیشن 5 کے تحت معلومات کا اظہار**

| تفصیلات | اظہار (Disclosure) |
|---|---|
| الف) متعلقہ فریق کا نام | Epicure - FZCO ("Epicure FZCO") |
| ب) دلچسپی رکھنے والے یا متعلقہ ڈائریکٹرز کے نام | جناب زاہد مجید اور جناب ابرار حسن NF-FZCO اور Epicure FZCO دونوں میں مشترکہ ڈائریکٹرز ہونے کی حیثیت سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ جناب آدم فانی مجید، جناب زاہد مجید کے بیٹے ہونے کے ناطے، جبکہ جناب محمد حمزہ حسن، جناب ابرار حسن کے بیٹے ہونے کے ناطے دلچسپی رکھتے ہیں۔ |
| ج) تعلق کی نوعیت، دلچسپی یا تعلق، بشمول متعلقہ فریق میں ڈائریکٹرز، منیجرز یا اہم انتظامی عملے کے مالی یا دیگر دلچسپیات کی مکمل معلومات | یہ دلچسپی NF-FZCO اور Epicure FZCO میں جناب زاہد مجید اور جناب ابرار حسن کے مشترکہ ڈائریکٹر ہونے اور اوپر بیان کردہ خاندانی تعلقات سے ظاہر ہوتا ہے۔ |
| د) ٹرانزیکشن کی تفصیلات، نوعیت، اور شرائط وضوابط | FZCO اپنے M&A ایڈوائزر / سہولت کار کے کردار کے ساتھ ساتھ، مجوزہ معاہدے کے تحت انویسٹمنٹ ایڈوائزری اور دیگر خدمات فراہم کرے گی۔ یہ معاہدہ درج ذیل پر مشتمل ہے:<br><br>1. جاری بنیادوں پر M&A ایڈوائزری اور سہولت کاری؛<br><br>2. انویسٹمنٹ ایڈوائزری اور سہولت کاری کی خدمات، جن میں سرمایاکاری اور کارپوریٹ حکمتِ عملی، اور NF FZCO کے غور وخوض کے لیے سرمایاکاری کے مواقع کا تعین اور ابتدائی جائزہ شامل ہیں لیکن یہ انہی تک محدود نہیں ہیں؛<br><br>3. حصولِ ملکیت کے بعد کاروباری استحکام، انضمام اور نمو کی خدمات۔ |



**کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3)134 کے تحت مادی حقائق کا بیان**

ایجنڈا آئٹمز نمبر 5، 6، 7 اور 8 میں شامل خصوصی امور کے حوالے سے کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3)134 کے تحت بیانات، ممبران کو بھیجے جانے والے نوٹس کے ساتھ منسلک ہیں۔

## ایجنڈا آئٹم نمبر 5

**خصوصی قراردادیں۔ حصص کی ذیلی تقسیم اور میمورنڈم و آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی کیپٹل شقوں میں ترامیم**

یہ بیان نیشنل فوڈز لمیٹڈ ("کمپنی") کے 26 اکتوبر 2026ء کو منعقد ہونے والے 55 ویں سالانہ اجلاسِ عام میں طے پانے والے خصوصی امور سے متعلق مادی حقائق کو ذیل میں پیش کرتا ہے۔

کمپنی کا سبسکرائب شدہ اور اداشدہ سرمایہ 233,115,425 عام حصص پر مشتمل ہے، جن میں سے ہر ایک کی فیس ویلیو 5 روپے ہے۔ کمپنی کے حصص کی مارکیٹ قیمت ان کی فیس ویلیو سے نمایاں طور پر زیادہ ہے، جس کی وجہ سے یہ حصص رئیل اور انفرادی سرمایہ کاروں کی پہنچ سے دور ہو رہے ہیں۔ چنانچہ، کمپنی کے حصص کی مارکیٹ لیکویڈیٹی بڑھانے اور حصص یافتگان کے دائرہ کار کو وسعت دینے کی غرض سے، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ہر عام شیئر کی فیس ویلیو 5 روپے سے گھٹا کر 1 روپیہ کرتے ہوئے کمپنی کے شیئر کیپٹل کی ذیلی تقسیم کی تجویز پیش کی ہے۔

تطبیق کے طور پر، مجوزہ ذیلی تقسیم پر عمل درآمد کے بعد، کمپنی کے حصص یافتگان کمپنی کی جانب سے اعلان کردہ موثر تاریخ کو اپنے نام پر موجود ہر 5 روپے فیس ویلیو والے ایک (1) عام شیئر کے بدلے 1 روپے فیس ویلیو والے پانچ (5) عام حصص حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔

مجوزہ ذیلی تقسیم کے نتیجے میں آنے والے حصص تمام تر لحاظ سے موجودہ حصص کے برابر (pari passu) ہوں گے اور ان حصص سے منسلک حقوق و مراعات میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔ ذیلی تقسیم شدہ حصص موثر تاریخ کے مطابق حصص یافتگان کو ان کے بالترتیب استحقاق کے تناسب سے، حسبِ ضرورت، فزیکل یا الیکٹرانک صورت میں جاری کئے جائیں گے۔

مجوزہ ذیلی تقسیم کے نتیجے میں مالیاتی لحاظ سے کمپنی کے کل مجاز، جاری شدہ یا اداشدہ شیئر کیپٹل میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوگی۔ اس سے صرف عام حصص کی تعداد میں اضافہ ہوگا اور ان کی فیس ویلیو 5 روپے سے بدل کر 1 روپیہ فی شیئر ہو جائے گی۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (c)(1)85 کے تحت شیئرز کی اس مجوزہ ذیلی تقسیم کو بطور خصوصی قرارداد کی منظوری اور تجویز کی ہے۔

**میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں نتیجہ خیز ترامیم**

حصص کی مجوزہ ذیلی تقسیم اور اس کے نتیجے میں عام حصص کی فیس ویلیو 5 روپے سے بدل کر 1 روپیہ فی شیئر ہونے کے باعث، کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی موجودہ شق V اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 4 میں ترمیم کی ضرورت ہے (جو فی الوقت مجاز سرمائے کی 5 روپے فی شیئر میں تقسیم کو ظاہر کرتے ہیں)، تاکہ 1 روپیہ فی عام شیئر کی تجدید شدہ فیس ویلیو کی عکاسی کی جاسکے۔

مجوزہ ترامیم محض نتیجہ خیز نوعیت کی ہیں اور ان کے باعث مالیاتی لحاظ سے کمپنی کے کل مجاز شیئر کیپٹل میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوگی۔
کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں مجوزہ ترامیم کمپنیز ایکٹ 2017ء کے قابلِ اطلاق احکامات اور ریگولیٹری فریم ورک کے عین مطابق ہیں۔

**میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں موجودہ اور مجوزہ ترامیم کا موازنہ**

**الف) میمورنڈم آف ایسوسی ایشن۔ شق V**

| موجودہ شق V | مجوزہ / نئی شق V |
|---|---|
| کمپنی کا مجاز سرمایہ 5,000,000,000 روپے (پانچ بلین روپے) ہے، جو 1 روپیہ فی شیئر فیس ویلیو کے 5,000,000,000 (پانچ ارب) عام حصص میں تقسیم ہے، جس میں ضرورت کے مطابق اضافے یا کمی کے اختیارات شامل ہیں۔ کمپنی، کمپنیز ایکٹ 2017ء کے احکامات کے تحت اپنے حصص یا ان میں سے کسی کو بھی ذیلی تقسیم یا یکجا کر سکتی ہے۔ | کمپنی کا مجاز سرمایہ 5,000,000,000 روپے (پانچ بلین روپے) ہے، جو 5 روپے فی شیئر فیس ویلیو کے 1,000,000,000 (ایک بلین) عام حصص میں تقسیم ہے، جس میں ضرورت کے مطابق اضافے یا کمی کے اختیارات شامل ہیں۔ کمپنی، کمپنیز ایکٹ 2017ء کے احکامات کے تحت اپنے حصص یا ان میں سے کسی کو بھی ذیلی تقسیم یا یکجا کر سکتی ہے۔ |

**ب) آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن۔ آرٹیکل 4**

| مجوزہ / نیا آرٹیکل 4 | موجودہ آرٹیکل 4 |
|---|---|
| "4. کمپنی کا مجاز سرمایہ وہ رقم ہے جو کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V میں بیان کی گئی ہے، جو 1 روپیہ (ایک روپیہ) فی شیئر کی ایسی تعداد میں تقسیم ہے جیسا کہ میمورنڈم کی مذکورہ شق میں درج ہے۔" | 4. کمپنی کا مجاز سرمایہ وہ رقم ہے جو کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V میں بیان کی گئی ہے، جو 5 روپے (پانچ روپے) فی شیئر کی ایسی تعداد میں تقسیم ہے جیسا کہ میمورنڈم کی مذکورہ شق میں درج ہے۔ |

سالانہ اجلاسِ عام میں خصوصی قرارداد کی منظوری سے مشروط، کمپنی موثر تاریخ سے ذیلی تقسیم شدہ حصص کے استحقاق کا تعین کرنے کے لیے بک کی بندش کا اعلان کرے گی۔ تطبیق کے طور پر، موثر تاریخ سے فوری قبل 5 روپے فی شیئر کا ایک (1) عام شیئر رکھنے والا ہر حصص یافتہ، ذیلی تقسیم کے نفاذ کے بعد 1 روپیہ فی شیئر والے پانچ (5) عام حصص حاصل کرنے کا اہل ہوگا، جس سے کمپنی میں حصص یافتہ کے متناسب تناسبِ ملکیت یا حقوق میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوگی۔

# نوٹس:

- اگر کوئی معلومات موصول نہ ہو تو ٹیکس کٹوتی کے لیے برابر تناسب تصور کیا جائے گا۔
- کارپوریٹ حصص یافتگان اپنا NTN CDC کے پاس اپ ڈیٹ رکھیں یا اپنے فولیو نمبر کے ساتھ اس کی کاپی شیئر رجسٹرار کو جمع کرائیں۔
- ٹیکس سے استثنیٰ کے سرٹیفکیٹس 16 اکتوبر 2026ء یا اس سے قبل شیئر رجسٹرار کو جمع کرائیں۔

غیر مقیم (Non-resident) حصص یافتگان دفعہ 82، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے مطابق اپنے درست پاسپورٹ کی کاپی سمیت ایک انڈر ٹیکنگ بھی 16 اکتوبر 2026ء تک شیئر رجسٹرار کے پاس ای میل info@cdcsrsl.com کے ذریعے جمع کرائیں۔ ڈیکلیریشن فارم www.nfoods.com پر دستیاب ہے۔

**رابطہ برائے سوالات:**

کمپنی: corporate.secretary@nfoods.com
شیئر رجسٹرار: info@cdcsrsl.com

### 5. غیر دعویٰ شدہ منافع / حصص

وہ حصص یافتگان جو کسی بھی وجہ سے اپنے منافع حصص (ڈیویڈنڈ) / حصص وصول نہ کر سکے ہوں، ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنے غیر وصول شدہ منافع / حصص کے حصول یا اس سے متعلق معلومات کے لیے ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس-99B، بلاک 'B'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74000 سے رابطہ کریں۔

### 6. پوسٹل بیلٹ / ای ووٹنگ

ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے تحت 13 مارچ 2025ء کو جاری نوٹیفکیشن نمبر 2025/451/(I) کے ذریعے ترمیم کیا گیا ہے۔ SECP نے ہدایت دی ہے کہ تمام لسٹڈ کمپنیاں خصوصی کارروائی پر ووٹنگ صرف پوسٹل بیلٹ کے ذریعے کروائیں اور الیکٹرانک ووٹنگ سہولت اور پوسٹ کے ذریعے ووٹنگ کا حق ممبران کو فراہم کریں۔ اسی مناسبت سے، نیشنل فوڈز لمیٹڈ کے ممبران کو ان کے آنے والے سالانہ عام اجلاس جو کہ بروز پیر 26 اکتوبر 2026ء بوقت صبح 10:00 بجے منعقد ہوگا، میں خصوصی کاروبار کے سلسلے میں ای-ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کی اجازت ہوگی، بشرطیکہ مذکورہ ضوابط و شرائط پوری ہوں جو ان ضوابط میں وضع کی گئی ہیں۔

### 7. اجلاسِ عام میں شیئر ہولڈرز کے لیے ضابطۂ اخلاق:

I) کمپنیز ایکٹ 2017ء ("ایکٹ") کا سیکشن 215 اور کمپنیز ریگولیشنز 2024ء کا ضابطہ 55 "اجلاس میں شیئر ہولڈرز کا برتاؤ" مندرجہ ذیل بیان کرتا ہے:

i) ایسا مواد نہیں لایا جائے گا جس سے شر کا عنصر یا احاطے کو خطرہ ہو جہاں اجلاس ہو رہا ہو۔
ii) اجلاس کے نوٹس میں شامل ایجنڈا آئٹمز تک خود کو محدود رکھیں گے۔
iii) تبصرے اور بحث کو کمپنی کے معاملات تک محدود رکھیں گے۔
iv) اور کسی سیاسی وابستگی کو ظاہر کرنے یا دوسرے اراکین کی مذہبی حساسیت کو مجروح کرنے کے طریقے سے کام نہیں کریں گے۔

مزید برآں، کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 185 اور ایس ای سی پی (SECP) کی جانب سے جاری کردہ SRO 452/(I)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025ء کی تعمیل میں مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی سالانہ عام اجلاس میں اپنے ممبران کو کسی بھی صورت یا نوعیت میں تحائف تقسیم نہیں کرے گی۔

### 8. سالانہ مالیاتی بیانات کی دستیابی اور رپورٹس کی الیکٹرانک/تیز ترسیل

ایس ای سی پی (SECP) کے جاری کردہ SRO 452/(I)/2025 کی تعمیل میں، سالانہ رپورٹ 2026 بمعہ نوٹس برائے سالانہ عام اجلاس (AGM) ان ممبران کو ای میل کے ذریعے بھیجی جا رہی ہے جنہوں نے اپنے ای میل ایڈریس فراہم کیے ہیں۔ حصص یافتگان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنا ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے پاس جمع یا اپ ڈیٹ کروائیں تاکہ جلد از جلد رپورٹس کی ترسیل ممکن ہو سکے۔

### 9. فزیکل حصص کی الیکٹرانک شکل میں تبدیلی اور لازمی رجسٹریشن کی تفصیلات

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 72 اور ایس ای سی پی (SECP) کے مورخہ 26 مارچ 2021ء کے ہدایت نامے کی تعمیل میں، تمام فزیکل حصص رکھنے والے حصص یافتگان کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروائیں۔ اس مقصد کے لیے حصص یافتگان کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ کسی بروکر کے ذریعے سی ڈی سی سب اکاؤنٹ یا خود سی ڈی سی میں انویسٹر اکاؤنٹ کھلوائیں۔ پی ایس ایکس (PSX) ریگولیشنز کے تحت فزیکل شیئرز کی خرید و فروخت کی اب اجازت نہیں ہے، جبکہ الیکٹرانک تبدیلی سے حصص محفوظ رہتے ہیں اور ان کی تجارت ممکن ہوتی ہے۔



مزید برآں، کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 119 اور کمپنیز ریگولیشنز 2024ء کے ریگولیشن 47 کے مطابق، فزیکل حصص یافتگان اپنا قومی شناختی کارڈ (CNIC)، پتہ، ای میل، فون نمبر اور آئی بین شیئر رجسٹرار کو لازماً فراہم کریں تاکہ قانونی تعمیل یقینی بنائی جا سکے اور مستقبل کی کسی بھی زحمت سے بچا جا سکے۔

ہدایات/رہنما اصول: CDC SRSL کی ویب سائٹ https://www.cdcsrsl.com/?jet_download=7429

### 10. یو بی او (UBO) ڈسکلوزر کی ضرورت

S.R.O. 1356(I)/2025 اور کمپنیز ریگولیشنز 2024ء کی ریگولیشن 9 کی تعمیل میں، ہر وہ حصص یافتہ جو کمپنی میں کم از کم 5 فیصد شیئرز یا ووٹنگ کے حقوق رکھتا ہو، اور کسی قانونی شخص یا قانونی انتظام کا وہ نمائندہ جو ایسا مفاد رکھتا ہو، اس کے لیے اپنے الٹیمیٹ بینیفیشل اونرشپ (UBO) ڈیکلریشن جمع کروانا یا اپ ڈیٹ کرنا لازمی ہے۔

اس مقصد کے لیے کوئی بھی متعلقہ شخص جو براہِ راست یا بالواسطہ طور پر 25 فیصد یا اس سے زائد حصص یا ووٹنگ کے حقوق رکھتا یا کنٹرول کرتا ہو، یو بی او (UBO) شمار ہو گا۔

- فارم کی دستیابی و جمع آوری: مقررہ فارم 17 کمپنی کی ویب سائٹ http://www.nfoods.com پر دستیاب ہے اور اسے قانونی تقاضوں کی تعمیل کے لیے ای میل corporate.secretary@nfoods.com پر یا کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کروایا جا سکتا ہے۔
- کارپوریٹ ادارے: کارپوریٹ ادارے کی صورت میں یہ فارم کمپنی کے لیٹر ہیڈ پر پرنٹ اور مجاز افسر کے دستخط شدہ ہونا چاہیے۔

براہِ کرم یاد رکھیں کہ ڈیکلریشن جمع نہ کروانے یا تاخیر سے جمع کروانے کی صورت میں کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 452 کے تحت ریگولیٹری کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔

### 11. خصوصی امور پر پولنگ:

نیشنل فوڈز لمیٹڈ ("کمپنی") کے ممبران کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن مورخہ 05 دسمبر 2022ء کے تحت ترمیم شدہ "کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء" کی تعمیل میں، SECP نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ خصوصی امور (Special Business) کے تمام معاملات پر ممبران کو الیکٹرانک ووٹنگ اور بذریعہ ڈاک ووٹنگ کی سہولت فراہم کریں۔

تطبیق کے طور پر، نیشنل فوڈز لمیٹڈ کے ممبران کو 26 اکتوبر 2026ء کو صبح 10:00 بجے منعقد ہونے والے سالانہ عام اجلاس (AGM) میں مذکورہ بالا ریگولیشنز کے تقاضوں اور شرائط کے مطابق، خصوصی امور پر ای-ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہو گی۔

ممبران کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ https://www.nfoods.com پر ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہے۔

**الف) ای-ووٹنگ کا طریقہ کار:**

i) ای-ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات ان ممبران کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جن کے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبرز، موبائل نمبر زاور ای میل ایڈریسز 16 اکتوبر 2026ء کے کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے ممبرز رجسٹر میں موجود ہوں گے۔
ii) ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات اور پاس ورڈ ممبران کو ای میل کے ذریعے ارسال کیے جائیں گے۔ سیکیورٹی کوڈز ای-ووٹنگ سروس فراہم کنندہ (سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ) کے ویب پورٹل سے بذریعہ ایس ایم ایس (SMS) بھیجے جائیں گے۔
iii) ای-ووٹنگ کے ذریعے ووٹ کاسٹ کرنے کے خواہش مند ممبران کی شناخت کی تصدیق الیکٹرانک دستخط (electronic signature) یا لاگ ان کی تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔
iv) ای-ووٹنگ کی سہولت 21 اکتوبر 2026ء کو صبح 09:00 بجے سے شروع ہو کر 25 اکتوبر 2026ء کو شام 05:00 بجے ختم ہو گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کر سکتے ہیں۔ ایک بار کسی قرارداد پر ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد ممبر کو اس میں بعد میں تبدیلی کی اجازت نہیں ہو گی۔

**ب) پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار:**

ممبر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ مکمل پر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کے ساتھ، سالانہ عام اجلاس سے کم از کم ایک کاری دن (working day) قبل، یعنی 23 اکتوبر 2026ء کو اوقاتِ کار کے دوران، بذریعہ ڈاک کمپنی سیکرٹری کے پتہ: CL-6/12، کلیر مونٹ روڈ، سول لائنز، کراچی، پاکستان یا ای میل corporate.secretary@nfoods.com پر موصول ہو جائے۔

### 12. دیگر شہروں میں ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت

اگر کمپنی کے کل ادا شدہ سرمائے کے 10 فیصد کے حامل ممبران (یا کمیشن کی جانب سے مقرر کردہ کوئی دیگر تناسب) کسی دوسرے شہر میں مقیم ہوں، تو ان کی تحریری درخواست پر جو اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن قبل کمپنی کو موصول ہو، کمپنی ایسے ممبران کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لیے ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت فراہم کرے گی۔ کمپنی عام اجلاس کی تاریخ سے کم از کم (5) دن قبل ممبران کو کانفرنس کی سہولت کے مقام اور اس سہولت تک رسائی کے لیے ضروری تمام معلومات سے آگاہ کرے گی۔

### 13. ویڈیو کانفرنسنگ سہولت کے لیے رضامندی (Consent)

میں/ہم، _____ نیشنل فوڈز لمیٹڈ کے رکن/ارکان، رجسٹر فولیو نمبر _____ کے مطابق _____ عدد عام حصص کے حامل، بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ کمپنی کے سالانہ عام اجلاس مورخہ 26 اکتوبر 2026ء یا کسی بھی ملتوی شدہ اجلاس میں _____ (براہِ کرم شہر کا نام درج کریں) سے شرکت کی خواہش/رضامندی ظاہر کرتا/کرتے ہیں۔

رکن کے دستخط

b. مزید یہ قرار پایا ہے کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ 30 جون 2027ء کو ختم ہونے والے مالی سال اور آئندہ سالانہ عام اجلاس تک، کیس ٹو کیس بنیاد پر، ان تمام متعلقہ فریقین کے معاملات جن میں ڈائریکٹرز کی اکثریت کو دلچسپی حاصل ہو، کی منظوری دے، بشمول بالا نامزد متعلقہ فریقین کے ساتھ معاملات۔

مزید یہ قرار پایا ہے ہے کہ بورڈ کی جانب سے مذکورہ بالا معاملات کی منظوری کو حصص یافتگان کی طرف سے منظور شدہ سمجھا جائے گا اور 30 جون 2027ء کو ختم ہونے والے سال کے معاملات کو حصص یافتگان کے سامنے اگلے سالانہ عام اجلاس میں ان کی رسمی توثیق / منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا۔

8۔ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 62 میں ترمیم کے لیے، اگر مناسب سمجھا جائے تو، ردوبدل کے ساتھ یا اس کے بغیر، مندرجہ ذیل کی بطور خصوصی قرارداد منظوری:

"قرار پایا کہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے موجودہ آرٹیکل 62 میں ترمیم کی جاتی ہے اور اسے مندرجہ ذیل شق سے تبدیل کیا جاتا ہے:

'چیف ایگزیکٹو اور فل ٹائم کام کرنے والے ڈائریکٹر کے علاوہ ہر ڈائریکٹر، ڈائریکٹرز کے اجلاسوں بشمول کمیٹی اجلاسوں میں شرکت کی ایسی فیس کا حقدار ہو گا جو وقتاً فوقتاً بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے مقرر کی جائے۔ بورڈ اور اس کی کمیٹی/کمیٹیوں کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے چیئرمین اور نان ایگزیکٹو بشمول آزاد ڈائریکٹرز کو ادا کی جانے والی اجرت کا پیمانہ ڈائریکٹرز ریمونریشن پالیسی' کے مطابق بورڈ طے کرے گا۔ اجلاس میں شرکت کے لیے کسی ڈائریکٹر کے اخراجات کی ادائیگی کمپنی کی جانب سے کی جائے گی۔ ڈائریکٹرز کی جانب سے پیش کی جانے والی اضافی خدمات کا معاوضہ بورڈ آف ڈائریکٹرز طے کریں گے۔

مزید قرار پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور / یا کمپنی سیکرٹری کو انفرادی طور پر یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا قرارداد کو نافذ العمل کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں اور تمام کارپوریٹ، قانونی اور ریگولیٹری تقاضے پورے کریں۔"

## دیگر کوئی کاروبار:

9۔ صدرِ اجلاس کی اجازت سے کوئی اور کاروبار انجام دینا۔

**خصوصی امور سے متعلق ایجنڈا آئٹمز نمبر 5، 6، 7 اور 8 کے حوالے سے کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 134(3) کے تحت بیانات ممبران کو ارسال کئے جانے والے نوٹس کے ساتھ منسلک ہیں۔**

بحکم بورڈ

فضل الرحمٰن ہجانو
کمپنی سیکریٹری

کراچی
05 اکتوبر 2026ء



# نوٹس:

### 1. بک کی بندش کا نوٹس

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 19 اکتوبر 2026ء سے 26 اکتوبر 2026ء تک [دونوں دن بشمول] بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس-99B، بلاک 'B'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74000 پر 16 اکتوبر 2026ء کے کاروبار ی دن کے اختتام تک باقاعدگی سے موصول ہونے والی منتقلیاں، حتمی نقد منافع کے استحقاق اور اجلاس میں شرکت و رائے دہی کے لیے بروقت تصور کی جائیں گی۔

### 2۔ ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے اجلاس عام میں شرکت

روبرو شرکت کے علاوہ، کمپنی سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے جاری کردہ سرکلرز کی تعمیل میں ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے بھی اجلاس عام منعقد کرے گی۔ وہ ممبران / پراکسیز جو اس سہولت کے ذریعے اس اجلاس میں شرکت کے خواہشمند ہیں، ان سے گزارش ہے کہ مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کر کے cdcsr@cdcsrsl.com یا واٹس ایپ نمبر: 0321-8200864 پر کمپنی کے پاس خود کو رجسٹر کروائیں:

| شیئر ہولڈر کا نام | کمپنی کا نام | فولیو نمبر CDC / نمبر | CNIC نمبر | موبائل نمبر | رجسٹرڈ ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | نیشنل فوڈز لمیٹڈ | | | | |

جن اراکین / پراکسی ہولڈرز کی جانب سے مطلوبہ تمام تفصیلات پر مشتمل ای میل 16 اکتوبر 2026ء کو کاروبار دن کے اختتام تک موصول ہو جائے گی، انہیں ویڈیو لنک اور لاگ اِن اسناد (کریڈینشلز) ارسال کر دی جائیں گی۔
اراکین ایجنڈا آئٹمز سے متعلق اپنے تبصرے اور سوالات corporate.secretary@nfoods.com پر بھی بھیج سکتے ہیں۔
اجلاس کے انتظامات میں کسی تبدیلی سمیت متعلقہ اپ ڈیٹس ریگولیٹری انفارمیشن سروس (PUCAR) کے ذریعے جاری کی جائیں گی اور https://www.nfoods.com/ پر دستیاب ہوں گی۔

### 3. پراکسی کی تقرری اور ای-ڈیویڈنڈ کے لیے CNIC/NTN جمع آوری

اراکین AGM میں شرکت، گفتگو اور رائے دہی کے لیے کسی دوسرے رکن کو بطور پراکسی مقرر کر سکتے ہیں۔ دستخط شدہ پراکسی فارم بمع حصص یافتہ کے تصدیق شدہ CNIC کی کاپی، اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل رجسٹرڈ آفس میں جمع کرانا ہوگا۔ پراکسیز کو اصل CNIC یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا؛ کارپوریٹ ادارے بورڈ ریزولیوشن یا پاور آف اٹارنی فراہم کریں۔

SECP اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کے مطابق منافع کی ادائیگی کے لیے CNIC/NTN لازمی ہے۔ فزیکل شیئرز رکھنے والے حصص یافتگان اپنا درست CNIC اور تازہ پتہ شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔

CDC اکاؤنٹ ہولڈرز اپنے شرکاء کے ذریعے ای-ڈیویڈنڈ مینڈیٹ جمع کرائیں۔ کارپوریٹ حصص یافتگان NTN اور مجاز نمائندے کا CNIC بھی فراہم کریں۔

فارمز www.nfoods.com پر دستیاب ہیں۔

### 4. زکوٰۃ و عشر آرڈیننس 1980 کے مطابق ڈکلیریشن

زکوٰۃ و عشر آرڈیننس 1980ء کے تحت زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ کے لیے، حصص یافتگان نوٹری شدہ فارم CZ-50 غیر عدالتی اسٹامپ پیپر (Rs. 200/-) NJSP) پر شیئر رجسٹرار کو جمع کرائیں۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز یہ فارم اپنے پارٹیسپینٹ/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ذریعے اپ لوڈ کریں۔ غیر مسلم حصص یافتگان "سولمن افرمیشن" (کمپنی ویب سائٹ پر دستیاب) شیئر رجسٹرار یا CDC کے ذریعے حسبِ حال جمع کرائیں۔ نامکمل / بروقت موصول نہ ہونے والے دستاویزات پر استثنیٰ میسر نہ ہوگا۔

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کی دفعہ 150 کے تحت منافع حصص پر ود ہولڈنگ ٹیکس عائد ہوگا۔ جو حصص یافتگان ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں شامل نہ ہوں ان پر زیادہ شرح ٹیکس عائد کیا جائے گا۔ مشترکہ ملکیت کی صورت میں ٹیکس ہر شریک کے حصہِ ملکیت کے مطابق عائد کیا جائے گا۔ حصص یافتگان درج ذیل معلومات شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں:

| حصص داری کا تناسب (حصص کی تعداد) | نام اور شناختی کارڈ نمبر | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | (مشترکہ حصص یافتہ) | حصص داری کا تناسب (حصص کی تعداد) | نام اور شناختی کارڈ نمبر | کُل حصص | فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر |
| | | | (اصلی حصص یافتہ) | | |

# 55 واں سالانہ عام اجلاس کا نوٹس

اس امر کی اطلاع دی جاتی ہے کہ نیشنل فوڈز لمیٹڈ کا 55واں سالانہ عام اجلاس پیر، 26 اکتوبر 2026ء کو صبح 10:00 بجے بیچ لگژری ہوٹل، کراچی میں منعقد ہوگا تاکہ درج ذیل کاروبار انجام دیا جا سکے۔ وہ حصص یافتگان جو ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے میں شرکت کرنا چاہیں، ایسا کر سکتے ہیں۔

## عام کاروبار:

1. 12 جنوری 2026ء کو منعقدہ غیر معمولی عام اجلاس کی کارروائی (Minutes) کی توثیق کرنا۔
2. کمپنی کے سال ختم شدہ 30 جون 2026ء کے آڈٹ شدہ مالی بیانات بمعہ ڈائریکٹرز اور اڈیٹرز کی رپورٹس، نیز کمپنی کے آڈٹ شدہ جامع [کنسولیڈیٹڈ] مالی بیانات بمعہ اڈیٹرز کی رپورٹ برائے سال ختم شدہ 30 جون 2026ء کو موصول کرنا، غور کرنا اور منظور کرنا۔

نوٹ: اراکین سالانہ آڈٹ شدہ مالی بیانات تک ذیل میں دیے گئے کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے رسائی حاصل کر سکتے ہیں:

ویب لنک https://www.nfoods.com/investor-relations/#annual-general

3۔ • کمپنی کے عام حصص پر منافع (ڈیویڈنڈ) پر غور، منظوری اور اعلان کرنا۔ ڈائریکٹرز نے5روپے فی عام حصص روپے 100فیصد بطور حتمی نقد منافع کی تجویز کی ہے جو کہ پہلے سے اعلان کردہ اور ادا شدہ 500فیصد عبوری نقد منافع کے علاوہ ہوگا، اس طرح30جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کل منافع 30.00 روپے فی حصص 600فیصد ہوگا۔

4۔ 30جون 2027 کو اختتام پذیر ہونے والے مالی سال کے لئے کمپنی کے ایکسٹرنل آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور ان کا معاوضہ کا تعین کرنا۔ میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر تقرری کے اہل ہونے کی بنا پر بطور آڈیٹر کام کرنے کی اپنی رضامندی دے چکے ہیں اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ان کی تقرری کی تجویز کی ہے۔

## خصوصی کاروبار:

5۔ کمپنی کے شیئر کیپیٹل کے سب ڈیوژن اور میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی سرمایہ کاری کی شقوں میں ضروری ترامیم کے لیے، اگر مناسب سمجھا جائے تو، ترمیم کے ساتھ یا بنا کسی رد و بدل کے، مندرجہ ذیل کی بطور خصوصی قرارداد منظوری:

a. یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ کمپنی کی جانب سے مالی سال ختم شدہ30 جون2026ء کے دوران درج ذیل متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے گئے وہ معاملات جن میں ڈائریکٹرز کی اکثریت کو دلچسپی حاصل ہے، توثیق اور منظور کیے جاتے ہیں۔

اے ٹی سی ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ—پیرنٹ کمپنی

نیشنل فوڈز FZCO—ذیلی کمپنی

ایسوسی ایٹڈ انوائرمنٹ اینڈ انرجی

منگواؤ (پرائیویٹ) لمیٹڈ

b. مزید یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ 30 جون 2027 ختم ہونے والے مالی سال اور آئندہ سالانہ عام اجلاس تک، کیس ٹو کیس بنیاد پر، ان تمام متعلقہ فریقین کے معاملات جن میں ڈائریکٹرز کی اکثریت کو دلچسپی حاصل ہو، کی منظوری دے، بشمول بالا نامزد متعلقہ فریقین کے ساتھ معاملات۔

c. مزید یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ بورڈ کی جانب سے مذکورہ بالا معاملات کی منظوری کو حصص یافتگان کی طرف سے منظور شدہ سمجھا جائے گا اور 30 جون 2027ء کو ختم ہونے والے سال کے معاملات کو حصص یافتگان کے سامنے اگلے سالانہ عام اجلاس میں ان کی رسمی توثیق / منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا۔

## خصوصی قراردادیں

"قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 85 اور کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 28 کے تحت، کمپنی کے موجودہ شیئر کیپیٹل بشمول اس کے مجاز، جاری شدہ اور ادا شدہ سرمائے میں اس انداز سے تبدیلی کی جاتی ہے کہ کمپنی کے 5روپے فیس ویلیو کے ہر عام حصص کو- /1 روپے فی حصص فیس ویلیو والے پانچ (5) عام حصص میں ذیلی تقسیم کر دیا جائے، جبکہ ایسے حصص سے منسلک حقوق اور مراعات میں کوئی تبدیلی واقع نہ ہو۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے مجاز سرمائے کو- /5روپے فی حصص والے 1,000,000,000 عام حصص سے کم کر کے- /1 روپیہ فی حصص والے 5,000,000,000 عام حصص میں ذیلی تقسیم کیا جاتا ہے، جس کے نتیجے میں کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی موجودہ شق V اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 4 میں ترمیم کر کے انہیں مندرجہ ذیل متن سے تبدیل کیا جاتا ہے:"



### میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V

"کمپنی کا مجاز سرمایہ- /5,000,000,000 روپے (پانچ بلین روپے) ہے جو- /1 روپیہ (ایک روپیہ) فی حصص والے 5,000,000,000 (پانچ بلین) عام حصص میں تقسیم ہے، جس میں کمپنی کے مناسب سمجھنے کے مطابق اضافہ یا حذف کرنے کا اختیار شامل ہے۔ کمپنی، کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعات کے مطابق اپنے تمام یا کسی بھی حصص کی ذیلی تقسیم یا انہیں مجتمع کر سکتی ہے۔"

### آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 4

"کمپنی کا مجاز سرمایہ وہی رقم ہے جو کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V میں بیان کی گئی ہے، جو- /1 روپیہ (ایک روپیہ) فی حصص کی اتنی تعداد میں تقسیم ہے جتنی کہ میمورنڈم کی مذکورہ شق میں بتائی گئی ہے۔

مزید قرار پایا کہ 233,115,425 عام حصص (- /5 روپے فی حصص) پر مشتمل کمپنی کے جاری شدہ اور ادا شدہ سرمائے کو- /1 روپیہ فی حصص والے 1,165,577,125 عام حصص میں ذیلی تقسیم کیا جاتا ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کا- /5 روپے فیس ویلیو کا ہر موجود حصص - /1 روپے فی حصص کے پانچ (5) عام حصص میں ذیلی تقسیم ہو جائے گا، اور اس کے مطابق موجود 233,115,425 عام حصص (- /5 روپے فی حصص) - /1 روپے فی حصص کے 1,165,577,125 عام حصص میں تبدیل ہو جائیں گے، جو مؤثر تاریخ پر حصص یافتگان کو ان کے متعلقہ استحقاق کے تناسب سے جاری کیے جائیں گے۔

مزید قرار پایا کہ 233,115,425 عام حصص (- /5 روپے فی حصص) پر مشتمل کمپنی کے جاری شدہ اور ادا شدہ سرمائے کو- /1 روپیہ فی حصص والے 1,165,577,125 عام حصص میں ذیلی تقسیم کیا جاتا ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کا- /5 روپے فیس ویلیو کا ہر موجود عام حصص- /1 روپے فی حصص کے پانچ (5) عام حصص میں ذیلی تقسیم ہو جائے گا، اور اس کے مطابق موجود 233,115,425 عام حصص (- /5 روپے فی حصص) - /1 روپے فی حصص کے 1,165,577,125 عام حصص میں تبدیل ہو جائیں گے، جو مؤثر تاریخ پر حصص یافتگان کو ان کے متعلقہ استحقاق کے تناسب سے جاری کیے جائیں گے۔

مزید قرار پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور / یا کمپنی سیکرٹری کو انفرادی طور پر یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا قراردادوں کو نافذ العمل کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں اور تمام کارپوریٹ، قانونی اور ریگولیٹری تقاضے پورے کریں، بشمول مؤثر تاریخ کا تعین اور اعلان، ممبران کے رجسٹر کی بندش، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی / سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے ساتھ رابطہ کاری، ذیلی تقسیم شدہ حصص کا فزیکل اور الیکٹرانک فارم میں اجراء / کریڈٹ، اور متعلقہ ریگولیٹری حکام کے پاس تمام ضروری فائلنگز اور ڈس کلوژرز کو یقینی بنانا۔

6۔ نیشنل فوڈز (NF FZCO) FZCO اور Epicure FZCO (Epicure FZCO) کے درمیان متحدہ عرب امارات میں متعلقہ فریق کے لین دین کے معاہدے پر غور و خوض اور اس کی منظوری دینا، جس کی رو سے Epicure FZCO بطور انویسٹمنٹ ایڈوائزر کام کرے گا، نیز اگر ضرورت پیش آئی تو پوسٹ-ایکوزیشن انگیجمنٹ اور گروتھ سروسز فراہم کرے گا، اور ایم اینڈ اے ایڈوائزر / ٹرانزیکشن سہولت کار کے طور پر اپنی ذمہ داریاں جاری رکھے گا جس کی منظوری 15 ستمبر 2025ء کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام میں حصص یافتگان سے قبل بھی حاصل کی جا چکی ہے اور، اگر مناسب سمجھا جائے تو، ترمیم / ترامیم کے ساتھ یا اس کے بغیر، مندرجہ ذیل قرارداد کی منظوری:

"قرار پایا کہ حصص یافتگان نیشنل فوڈز (NF FZCO) FZCO اور Epicure FZCO کے درمیان متحدہ عرب امارات میں طے پانے والے متعلقہ فریق کے لین دین کے معاہدے کی منظوری اور توثیق کرتے ہیں، جس کی رو سے Epicure FZCO انویسٹمنٹ ایڈوائزری کی خدمات فراہم کرے گا، ضرورت پڑنے پر پوسٹ-ایکوزیشن انگیجمنٹ اینڈ گروتھ سروسز پیش کرے گا، اور ایم اینڈ اے ایڈوائزر / ٹرانزیکشن سہولت کار کے طور پر اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی جاری رکھے گا جس کی منظوری 15 ستمبر 2025ء کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام میں معاہدے میں بیان کردہ شرائط و ضوابط کے مطابق حصص یافتگان پہلے ہی دے چکے ہیں۔

"مزید قرار پایا کہ کمپنی کے مجاز نمائندگان کو یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا قرارداد کو نافذ العمل کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں، تمام دستاویزات پر دستخط کریں، اور تمام تر ایسے امور، افعال اور کارروائیاں انجام دیں جو ضروری یا معاون ہوں۔"

7۔ درج ذیل خصوصی قراردادیں منظور کرنے پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو منظور کرنا: (a) مالی سال ختم شدہ 30 جون 2026ء کے دوران متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے گئے معاملات کی توثیق و منظوری؛ اور (b) و (c) مالی سال ختم ہونے والا 30 جون 2027ء کے دوران کیے گئے اور کیے جانے والے تمام متعلقہ فریقین کے معاملات کی منظوری کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دینا۔

a. یہ قرار پایا ہے کہ کمپنی کی جانب سے 30 جون 2026ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران درج ذیل متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے گئے وہ معاملات جن میں ڈائریکٹرز کی اکثریت کی دلچسپی حاصل ہے، توثیق اور منظور کیے جاتے ہیں۔

| |
|---|
| اے ٹی سی ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ—پیرنٹ کمپنی |
| نیشنل فوڈز FZCO—ذیلی کمپنی |
| ایسوسی ایٹڈ انوائرمنٹ اینڈ انرجی |
| ایپکیور ایف زیڈ سی او |